प्रश्न-पुस्तिका क्र.
Question Booklet No.

**R/P/P/S/II/2022**

SET **A**

विषय-उर्दू

**Subject-URDU**

द्वितीय प्रश्न-पत्र ( ऐच्छिक )

**Paper II (Optional)**

विषय कोड-34

**Subject-Code-34**

934000177

अनुक्रमांक
Roll No. | | | | | | |

← परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक दिए गए खानों में लिखें।
Candidate should write his/her Roll No. in the given boxes

मुद्रित पृष्ठों की संख्या/No. of Printed Pages : 16

कुल प्रश्नों की संख्या/Total No. of Questions : 100

समय/Time : 2 घण्टे/Hours

पूर्णांक/Total Marks : 200

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. राज्य पात्रता परीक्षा में दो प्रश्न-पत्र हैं । प्रथम प्रश्न-पत्र ( अनिवार्य प्रश्न-पत्र )-सामान्य प्रश्न-पत्र शिक्षण एवं शोध अभिवृत्ति का है । द्वितीय प्रश्न-पत्र परीक्षार्थी द्वारा चयनित विषय का है । दोनों प्रश्न-पत्रों के लिए एक ही संयुक्त ओ.एम.आर. शीट है । परीक्षार्थी को 1 बजे द्वितीय प्रश्न-पत्र ( ऐच्छिक विषय ) का दिया जायेगा । परीक्षार्थी को ओ.एम.आर. शीट के द्वितीय प्रश्न-पत्र के भाग में उनके द्वारा लिये गये ऐच्छिक विषय के कोड को अंकित करना है व प्रश्न पुस्तिका का सेट अंकित करना है । द्वितीय प्रश्न-पत्र की बुकलेट का नम्बर आवश्यक प्रविष्टियों में अंकित करना है । परीक्षार्थी 1:05 पर द्वितीय प्रश्न-पत्र की सील खोलकर उत्तर अंकित करना शुरू करेंगे । द्वितीय प्रश्न-पत्र ( ऐच्छिक विषय ) के 100 प्रश्न हैं जिनका क्रम 51 से 150 है । संयुक्त ओ.एम.आर. में परीक्षार्थी द्वितीय प्रश्न-पत्र वाले भाग में द्वितीय प्रश्न-पत्र के उत्तर अंकित करे । गलत क्रम में उत्तर अंकित करने के लिए परीक्षार्थी स्वयं जिम्मेदार रहेगा ।
2. सभी प्रश्न अनिवार्य हैं ।
3. सभी प्रश्नों के अंक समान हैं । प्रत्येक सही उत्तर के लिए 2 अंक प्रदान किये जायेंगे । ऋणात्मक मूल्यांकन का प्रावधान नहीं है ।
4. प्रश्न-पुस्तिका के आवरण पृष्ठ पर प्रश्न-पुस्तिका में लगे पृष्ठों की संख्या अंकित है । परीक्षार्थी आश्वस्त हो ले कि उसकी प्रश्न-पुस्तिका में निर्धारित संख्या में पृष्ठ लगे हैं, अन्यथा वह दूसरी प्रश्न-पुस्तिका माँग ले ।
5. प्रदत्त उत्तर-पत्र (ओ.एम.आर. शीट) पर दिए गए निर्देशों को ध्यानपूर्वक पढ़ें तथा अपने उत्तर तदनुसार अंकित करें ।
6. कृपया उत्तर-पत्र ( ओ.एम.आर. शीट ) पर निर्धारित स्थानों पर आवश्यक प्रविष्टियाँ करें, अन्य स्थानों पर नहीं ।
7. परीक्षार्थी सभी रफ़ कार्य प्रश्न-पुस्तिका के निर्धारित स्थान पर ही करें, अन्यत्र कहीं नहीं तथा उत्तर-पत्र ( ओ.एम.आर. शीट ) पर भी नहीं।
8. किसी प्रकार का केल्कुलेटर, लॉग टेबल आदि का प्रयोग वर्जित है ।
9. 3:05 बजे परीक्षा समाप्त होने के समय ओ.एम.आर. शीट वीक्षक को सौंपने के पश्चात् ही परीक्षार्थी कक्ष छोड़ेंगे ।

## INSTRUCTIONS TO THE CANDIDATES

1. **There are two papers in the State Eligibility Test. The first question paper (compulsory question paper) is General Paper on Teaching and Research Aptitude. The second question paper is the subject selected by the examinee. Only one combined OMR sheet will be provided for both the question papers. The Second paper of optional subject will be given to the examinee at 1 p.m. The code of the second question paper subject selected by the examinee should be marked in the OMR Sheet. The booklet number of the second question paper has to be marked in the necessary entries. The examinee can start second question paper at 1:05 p.m. There are 100 questions in the second question paper (optional subject). The sequence of these questions is 51 to 150. In a combined O.M.R. Sheet, the examinee should mark the answers of the second question paper in the part of Second Question Paper. The examinee himself will be responsible for marking the answer in the wrong order.**
2. **All questions are compulsory.**
3. **All questions carry equal marks. 2 marks will be given for each correct answer. There is no provisions for Negative Marking.**
4. **On the cover page the number of pages is indicated in the Question Booklet. The examinee should verify that the requisite number of pages are attached in the Question Booklet, otherwise he/she should ask for another Question Booklet.**
5. **Read carefully the instructions given on the Answer Sheet (OMR Sheet) supplied and indicate your answers accordingly.**
6. **Kindly make necessary entries on the Answer Sheet (OMR Sheet) only at the places indicated and nowhere else.**
7. **Examinee should do all rough work on the spaces meant for rough work in the pages given in the Question Booklet and nowhere else, not even on the Answer Sheet (OMR Sheet).**
8. **Use of any type of calculator, log table etc. is prohibited.**
9. **Examinees will leave the Examination Hall only after handing over the OMR Sheet to the Invigilator at the end of the examination at 3:05 p.m.**

SEAL

रफ़ कार्य के लिए जगह

(SPACE FOR ROUGH WORK)

51۔ مقدمہ تاریخ زبان اردو کا پیش لفظ کس نے لکھا ہے؟

(A) محمود شیرانی

(B) سعود حسین خاں

(C) گیان چند جین

(D) آل احمد سرور

52۔ مصنف کی ہندوستانی اور اردو زبان و ادب سے متعلق تحریروں تقریروں اور مقدموں کا مجموعہ کون سی کتاب ہے؟

(A) پنجاب میں اردو

(B) دکن میں اردو

(C) نقوش سلیمانی

(D) تاریخ زبان اردو

53۔ برج بھاشا ادبی لباس میں سب سے پہلے کس صدی میں جلوہ گر ہوئی؟

(A) سترھویں

(B) سولہویں

(C) پندرہویں

(D) اٹھارہویں

54۔ بارہویں صدی عیسوی کے اواخر سے شمالی ہندوستان میں اردو نے کس بولی کا روپ اختیار کیا؟

(A) سنسکرت

(B) قدیم اردو

(C) کھڑی بولی

(D) برج بھاشا

55۔ اردو کا آغاز کھڑی بولی کا آغاز ہے، کھڑی بولی گیارہویں، بارہویں صدی میں اب بھرنش سے ابھری جو دلی، میرٹھ اور مرادآباد وغیرہ میں بولی جاتی تھی۔
اردو کے آغاز کے بارے میں یہ نظریہ کس کا ہے؟

(A) گیان چند جین

(B) مسعود حسین خاں

(C) شوکت سبزواری

(D) سہیل بنجاری

56۔ سید سلیمان ندوی نے اپنی کس کتاب میں اردو کی جائے پیدائش سندھ کو قرار دیا ہے؟

(A) لسانی مطالعہ

(B) لسانی تحقیق

(C) دکن میں اردو

(D) نقوش سلیمانی

57۔ وہ علامت جو انفعیت کو ظاہر کرتی ہے۔

(A) غشائی

(B) لثائی

(C) غنائی

(D) لب دندانی

58۔ اردو کا ابتدائی زمانہ کس کی تصنیف ہے؟

(A) شمس الرحمٰن

(B) گیان چند جین

(C) گوپی چند نارنگ

(D) مسعود حسین خاں

59۔ ان میں سے کون سی خالص ہندی آوازیں ہیں؟

(A) پ

(B) گ

(C) چ

(D) پھ

60۔ لسانیات کی پہلی سطح کون سی ہے؟

(A) فونسیمات

(B) معنیات

(C) فیمیات

(D) صوتیات

61۔ ''قصیدہ در نعت حضرت سید المرسلین خاتم النبین'' میں ذیل میں سے کون سا قافیہ زیادہ استعمال ہوا ہے؟

(A) پریشانی

(B) پشیمانی

(C) پیشانی

(D) افشانی

62۔ سودا نے کس قصیدہ کے مقطع میں قصیدہ کا نامِ نظم کیا ہے؟

(A) شہر آشوب

(B) قصیدہ در مدح آصف الدولہ

(C) تضحیک روزگار

(D) در مدح عالم گیر ثانی

63۔ ''افسوس ہمارے پہلوان سخن کا انتقال ہو گیا''۔ یہ ردعمل کس کی وفات پر کس کا ہے؟

(A) ناسخ کی موت پر رشک کا

(B) تاباں کی موت پر میر کا

(C) یگانہ کی موت پر حسرت کا

(D) سودا کی موت پر حاتم کا

64۔ سودا کے کس قصیدہ کو فوجی نظام کا نوحہ کہا جاتا ہے؟

(A) شہر آشوب

(B) تضحیک روزگار

(C) در ہجو فیل نرپت سنگھ

(D) قصیدہ در ہجو کوتوال

65۔ رجز کو مثنوی کا پیشرو کس نے کہا ہے؟

(A) شبلی

(B) شیفتہ

(C) محمد حسین آزاد

(D) کلیم الدین احمد

66۔ مثنوی کدم راؤ پدم راؤ نام کس کی تحریر کردہ ہے؟

(A) مولوی عبدالحق

(B) محی الدین قادری

(C) جمیل جالبی

(D) نصیرالدین ہاشمی

67۔ ابن نشاطی نے پھول بن میں کتنی صنعتوں کے استعمال کا دعویٰ کیا ہے؟

(A) ۲۹

(B) ۳۹

(C) ۴۹

(D) ۵۹

68۔ مثنوی گلزار نسیم پہلی بار کب اور کہاں سے شائع ہوئی؟

(A) ۱۸۴۴ء لکھنؤ

(B) ۱۸۴۲ء دہلی

(C) ۱۸۰۵ء کلکتہ

(D) ۱۸۵۰ء اکبرآباد

69۔ ''مرثیۂ عارف'' غالب کے کس مجموعۂ کلام میں شامل ہے؟

(A) غزلیات

(B) متفرقات

(D) قصائد

(D) مجموعہ قطعات

70۔ میر انیسؔ کا انتقال کس سنہ میں ہوا؟

(A) ۱۸۷۱ء

(B) ۱۸۷۲ء

(C) ۱۸۷۳ء

(D) ۱۸۷۴ء

71۔ کہنے لگا کہ دیکھو کے چل راہ بے خبر
میں بھی کبھو کسو کا سر پر غرور تھا
اس شعر میں کس ردیف کا استعمال ہوا ہے؟

(A) لا

(B) الف

(C) ی

(D) ر

72۔ نہ کیونکر مطلعٔ دیوان ہو مطلع مہر وحدت کا
کہ ہاتھ آیا ہے روشن مصرع انگشت شہادت کا
کس شاعر کے دیوان کا پہلا شعر ہے؟

(A) میر تقی میر

(B) غالب

(C) مومن

(D) حسرت موہانی

73۔ کس شاعر نے اپنے اشعار میں صنعت تلمیح کا استعمال زیادہ کیا ہے؟

(A) حسرت موہانی

(B) مومن

(C) غالب

(D) میر

74۔ ''فانی بدایونی حیات، شخصیت اور شاعری'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) مغنی تبسّم

(B) تبسم کاشمیری

(C) نورالحسن

(D) عبدالقدوس

75۔ جگر کا شعری مجموعہ ''آتش گل'' کا پیش لفظ ''جگر میری نظر میں'' کے عنوان سے کس نے لکھا ہے؟

(A) آل احمد سرور

(B) رشید احمد صدیقی

(C) محمود الٰہی

(D) مغنی تبسم

76۔ یاس یگانہ چنگیزی کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

(A) 1848

(B) 1884

(C) 1894

(D) 1889

77۔ ''غزل'' کس کے کلام کا مجموعہ ہے؟
(A) مخدوم
(B) مجروح سلطان پوری
(C) عرفان صدیقی
(D) شہریار

78۔ شہریار کو ان کے شعری مجموعے ''اسم اعظم'' پر کون سا ایوارڈ ملا؟
(A) سرسوتی سمان
(B) غالب ایوارڈ
(C) بھارت رتن
(D) گیان پیٹھ ایوارڈ

79۔ ''عشق نامہ'' کس کی تصنیف ہے؟
(A) عرفان صدیقی
(B) شہریار
(C) کلیم عاجز
(D) شاد عظیم آبادی

80۔ ''حاشیے'' کس کی تصنیف ہے؟
(A) عرفان صدیقی
(B) فراق گورکھپوری
(C) شہریار
(D) مخدوم محی الدین

81۔ نظم کی اس ہیئت کو کیا کہتے ہیں جس میں وزن تو ہو مگر قوافی کا اہتمام نہ کیا گیا ہوا۔
(A) مخمس
(B) معرّیٰ
(C) آزاد
(D) ترکیب بند

82۔ ''برق کلیسا'' کس کی نظم ہے؟
(A) شاد عظیم آبادی
(B) اکبر الٰہ آبادی
(C) امجد حیدر آبادی
(D) حالی پانی پتی

83۔ الطاف حسین حالی نے نظم ''برکھارُت'' کہاں پڑھی تھی؟
(A) دہلی کے ادبی جلسہ میں
(B) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں
(C) انجمن پنجاب لاہور میں
(D) عظیم آباد میں

84۔ ان میں سے کون سی نظم اسمٰعیل میرٹھی کی ہے؟
(A) صبح امید
(B) آثار سلف
(C) شعاع امید
(D) حقیقت حسن

85۔ کس شاعر نے اپنی نظم میں مرزا غالبؔ کر جرمنی کے مشہور شاعر گوئٹے کا ہم نوا کہا ہے؟

(A) فیض احمد فیضؔ

(B) الطاف حسین حالیؔ

(C) علامہ اقبالؔ

(D) مخدوم محی الدین

86۔ ان نظموں میں سے کس کا تعلق جنگ آزادی سے ہے؟

(A) گل رنگیں

(B) تنہائی

(C) رقاصہ

(D) شکست زنداں کا خواب

87۔ ان میں سے کون سی نظم میراں جی کی نہیں ہے؟

(A) کلرک کا نغمۂ محبت

(B) چاند تاروں کا بن

(C) سمندر کا بُلاوا

(D) جاتری

88۔ یہ داغ داغ اُجالا، یہ شب گزیدہ سحر
وہ انتظار تھا جس کا، یہ وہ سحر تو نہیں
یہ شعر فیض احمد فیض کی کس نظم کا ہے؟

(A) تنہائی

(B) صبح آزادی

(C) لوح وقلم

(D) میرے ہمدم میرے دوست

89۔ برہنہ پاؤں، جلتی ریت یخ بستہ ہواؤں میں
گریزاں بستیوں سے مدرسوں سے خانقاہوں میں یہ شعر اختر الایمان کی کس نظم میں ہے؟

(A) گونگی عورت

(B) پگ ڈنڈی

(C) ایک لڑکا

(D) بازآمد

90۔ جس نظم میں شہر کی بربادی اور تباہ کاری کا ذکر نہایت درمندی کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس نظم کو کیا کہتے ہیں؟

(A) مرثیہ

(B) نوحہ

(C) شہر آشوب

(D) سوز

91۔ ''داستان طرازی منجملہ فنون سخن ہے'' سچ یہ ہے کہ دل بہلانے کے لئے اچھا فن ہے، داستان کے فن کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟

(A) کلیم الدین احمد

(B) مرزا غالب

(C) وقار عظیم

(D) گوپی چند نارنگ

92۔ فضلی کی ''کربل کتھا'' کس بادشاہ کے عہد میں لکھی گئی؟

(A) شاہ جہاں

(B) جہانگیر

(C) محمد شاہی عہد

(D) بہادر شاہ ظفر

93۔ کربل کتھا کا مخطوطہ کس ملک کے کتب خانے میں ملا تھا؟

(A) جرمنی

(B) فرانس

(C) ایران

(D) ہندوستان

94۔ داستان ''باغ و بہار'' کے پہلے درویش کا تعلق کس ملک سے ہے؟

(A) ایران

(B) یونان

(C) سعودی عرب

(D) یمن

95۔ کس داستان کو ڈنکن فاربس نے لندن سے شائع کیا؟

(A) الف لیلہ

(B) باغ و بہار

(C) گل صنوبر

(D) نوطرز مرصع

96۔ ناٹک ساگر کس کی تصنیف ہے؟

(A) محمد عمر نور الٰہی

(B) عشرت رحمانی

(C) آغا حشر کاشمیری

(D) وقار عظیم

97۔ ڈراما ''یہودی کی لڑکی'' کا مرکزی موضوع کیا ہے؟

(A) لکھنؤ کی زوال پذیر تہذیب

(B) دو قوموں کی طبقاتی کشمکش

(C) ممبئی کی شہری زندگی

(D) تحریک آزادی

98۔ اردو کے کس ڈرامے کو اردو ڈراما نگاری کے دور جدید کا نقش اول اور سنگ میل تصور کیا جاتا ہے۔

(A) سلور کنگ

(B) انارکلی

(C) اندر سبھا

(D) آگرہ بازار

99۔ غالب کی زندگی پر محمد حسن نے کون سا ڈراما تخلیق کیا؟

(A) محل سرا

(B) سرخ پردے

(C) کہرے کا چاند

(D) ضحاک

100۔ ڈراما ضحاک پہلی بار کس رسالہ میں شائع ہوا؟

(A) اردو نامہ

(B) عصری ادب

(C) نقوش

(D) اردو دنیا

101۔ ان میں سے کس افسانہ نگار نے پوری کائنات کو ایک طلسم خیال یا حسن کدہ کے طور پر دیکھا تھا؟

(A) عصمت چغتائی

(B) قرۃ العین حیدر

(C) کرشن چندر

(D) پریم چند

102۔ بیدی کے کس افسانے میں سیتا نام کردار ہے؟

(A) جوگیا

(B) لمبی لڑکی

(C) ببّل

(D) دیوالیہ

103۔ کرشن چندر کی حد درجہ مثالیت نے ان کے فن میں کھانچے ڈال دیئے اور رفتہ رفتہ جذباتیت انھیں سطحی تصویر کشی اور ہنگامی خطابت کی طرف لے گئی اس کے باوجود ان کی حسن کاری اور انسانیت دوستی اس درجہ وسیع اور ہمہ گیر ہے کہ اپنے کمزور لمحوں میں بھی کرشن چندر سپاٹ نہیں ہوتے۔

یہ رائے کس نقاد نے قائم کی ہے؟

(A) آل احمد سرور

(B) سید احتشام حسین

(C) وزیر آغا

(D) گوپی چند نارنگ

104۔ پریم چند کے افسانوی مجموعے ''واردات'' میں کل کتنے افسانے ہیں؟

(A) بارہ

(B) پندرہ

(C) تیرہ

(D) گیارہ

105۔ مصنف اور اس کے افسانے کے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| (1) پریم چند | (i) دوسیاح |
| (2) منٹو | (ii) پہلا پتھر |
| (3) قرۃالعین حیدر | (iii) روشنی |
| (4) خواجہ احمد عباس | (iv) باسط |

(A) 4 (ii), 3 (i), 2 (iv), 1 (iii)

(B) 4 (ii), 3 (i), 2 (iii), 1 (ii)

(C) 4 (i), 3 (iv), 2 (ii), 1 (iii)

(D) 4 (iii), 3 (i), 2 (iv), 1 (ii)

106۔ ان میں سے کون سا کردار محنت کش طبقے کے انقلابی شعور کا ترجمان ہے۔

(A) ہوری

(B) جھبا

(C) گوہر

(D) جھنگری سنگھ

107۔ ان میں رتن ناتھ سرشار کی پہلی تصنیف کون سی ہے؟

(A) سیر کہسار

(B) فسانۂ آزاد

(C) جام سرشار

(D) کامنی

108۔ ان میں سے کون سا ناول دیہات وشہر دونوں کی زندگی کے شور وشر کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے؟

(A) توبۃالنصوح

(B) خدا کی بستی

(C) ٹیڑھی لکیر

(D) گؤدان

109۔ ان میں عصمت چغتائی کا افسانہ کون سا ہے؟

(A) جوار بھاٹا

(B) کہرے کے پیچھے

(C) بیمار

(D) رادھا

110۔ سریندر پرکاش نے جدید انسان کے مسائل کو اپنا نشانہ بنایا ہے۔ اس کی کہانیاں زبان اور بیان کے ایجاز اور تہہ در تہہ علامتوں کی معنویت کی وجہ سے ممتاز ہیں۔

مذکورہ بالا رائے کس نے دی ہے؟

(A) گوپی چند نارنگ

(B) شمس الرحمٰن فاروقی

(C) وزیر آغا

(D) محمود ہاشمی

111۔ تحقیقی اصطلاح ''توقیت'' سے کیا مراد ہے؟

(A) نثر میں شامل اشعار کی نشاندہی

(B) کسی محقق کی ہمت وعزت افزائی

(C) کسی ادیب کی زندگی کے اہم واقعات اور تصانیف کو سنہ اور تاریخ وار درج کرنا۔

(D) اوقاف لگانے کا عمل

112۔ حالی کے تنقیدی شعور کی نشو نما میں حالات کے علاوہ تین شخصیتوں نے بڑا اثر ڈالا تھا۔ ان میں سرسید احمد خاں اور مرزا غالب کے ساتھ کون شامل تھا؟

(A) نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ

(B) امداد امام اثر

(C) محمد حسین آزاد

(D) علامہ شبلی نعمانی

113۔ درج ذیل میں سے کس کا شمار تحقیق و تدوین کے ارکان اربعہ میں نہیں ہوتا؟

(A) امتیاز علی عرشی

(B) قاضی عبدالودود

(C) رشید حسن خاں

(D) مولوی عبدالحق

114۔ پروفیسر گیان چند جین کسے مثال اور بت شکن محقق کہتے ہیں؟

(A) امتیاز علی خاں عرشی

(B) مالک رام

(C) قاضی عبدالودود

(D) محی الدین قادری زور

115۔ درج ذیل میں سے کون کون سے بیانات درست ہیں؟

(I) نقاد موضوعی ہوتا ہے اور محقق معروضی

(II) نقاد تشریح و تاویل کرتا ہے اور محقق حقائق کی عمل طریقے سے تنظیم

(III) ناقد کو تخلیق کار کے لیے مہر و وفا کا پیکر اور محقق کو آشتی پسند ہونا چاہئے۔

(IV) تنقید میں پرکھ پر زور ہوتا ہے، تحقیق میں دریافت پر۔

(A) I, II, III

(B) I, II, IV

(C) II, III, IV

(D) I, III, IV

116۔ ''قاضی صاحب کے مضامین دراصل شخصی نوٹس ہوتے ہیں جنہیں کوئی انشا پرداز مضمون کی شکل میں لکھ دے تو جاذب توجہ ہوجائیں۔

قاضی عبدالودود کے بے رنگ و بے کیف اسلوب کے بارے میں درج بالا خیالات کس محقق کے ہیں؟

(A) حنیف نقوی

(B) آل احمد سرور

(C) گیان چند جین

(D) امداد امام اثر

117۔ درج ذیل میں کون سا تذکرہ ''نکات الشعراء'' کی مخالفت یا جواب میں لکھا گیا تھا؟

(A) تذکرۂ شعراء اردو

(B) لباب الالباب

(C) گلشن گفتار

(D) تذکرۂ ریختہ گویاں

118۔ امیر کیکاؤس بن اسکندر نے اپنے بیٹے کی تربیت اور پند و نصیحت کی غرض سے کون سی کتاب لکھی تھی جو فارسی شعریات کی روایت اور فارسی تنقید کی ابتدائی شکل ثابت ہوئی؟

(A) چہار مقالہ

(B) قابوس نامہ

(C) حدائق السجر فی وقائق الشعر

(D) لباب الالباب

119۔ محی الدین قادری زور نے کس طرح کے تذکروں کو زیادہ اہم قرار دیا ہے۔

(A) جن کے مصنف نہ شاعر نہ شاگرد بلکہ سخن فہم ہوں اور یہ ان کے قلم کا نتیجہ ہو۔

(B) جسے کسی مستند اور اسول پسند ناقد نے قلم بند کیا ہو۔

(C) بڑے شاعروں کے مداحوں اور شاگردوں کے قلم کا نتیجہ ہو۔

(D) جو کسی بڑے شاعر کے قلم کا نتیجہ ہو۔

120۔ دعویٰ: ارسطو عینیت کے بجائے واقفیت پر زور دیتا ہے۔

دلیل: ارسطو کا ذہن منطق، فکر معروضی اور مزاج سائنسی تھا۔

(A) دعویٰ صحیح لیکن دلیل غلط ہے

(B) دعویٰ غلط لیکن دلیل صحیح ہے

(C) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہیں

(D) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہیں

121۔ درج ذیل میں سے کون سی سوانحی کتاب الطاف حسین حالی کی نہیں ہے۔

(A) حیات سعدی

(B) حیات جاوید

(C) یادگار غالب

(D) آب حیات

122۔ اختر الایمان کی خودنوشت "اس آباد خرابے میں" کا مقدمہ کس نے لکھا تھا؟

(A) بیدار بخت

(B) محمود ایاز

(C) سلطانہ ایمان

(D) علی سردار جعفری

123۔ "میں نے مرزا کی تصنیفات کو دوستوں سے مستعار لے کر جمع کیا اور جس قدر اس میں ان کے حالات اور اخلاق و عادات کا سراغ ملا قلم بند کیا۔ جو باتیں اپنے ذہن میں محفوظ تھیں یا دوستوں کی زبانی معلوم ہوئیں انکو بھی ضبط تحریر میں لایا"۔

مذکورہ بالا اقتباس کس سوانحی کتاب سے ماخوذ ہے؟

(A) یادگار غالب

(B) حیات جاوید

(C) حیات سعدی

(D) الفاروق

124۔ میں نے ایک زمانے میں اپنی منظوم سوانح لکھنے کا ارادہ کیا تھا۔ وہ خواہش تکمیل کو تو نہیں پہنچی مگر اس کے کچھ حصے ہو گئے تھے۔ آغاز یوں کیا تھا۔

اس جہاں گل و بلبل و زاغ میں
اتری ہند کے چھوٹے سے گاؤں میں
ایک کاتک کی ٹھٹھرتی ہوئی رات میں
شب کے پچھلے پہر تاروں کی چھاؤں میں
پھونس کے ایک چھپر میں پیدا ہوا
حسب دستور کچھ دیر رویا کیا
اور پھر جیسے جی کو قرار آ گیا
جیسے دار الحسن سازگار آ گیا

مذکورہ بالا تحریر و اشعار کس نے اپنی خودنوشت میں تحریر کیا ہے؟

(A) مسعود حسین خاں

(B) اختر الایمان

(C) وامق جونپوری

(D) جوش ملیح آبادی

125۔ شبلی کی تحریر کردہ ''الفاروق'' کس کی سوانح ہے؟
(A) حضرت علیؓ
(B) حضرت عمرؓ
(C) خلیفہ مامون رشید
(D) حضرت ابوبکرؓ

126۔ خاکہ ''مولوی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی'' کا مقدمہ کس نے لکھا ہے؟
(A) نذیر احمد
(B) مرزا فرحت اللہ بیگ
(C) مولوی وحید الدین
(D) مولوی عبدالحق

127۔ خطوط غالب کو ''غالب کے خطوط'' کے نام سے مختلف جلدوں میں کس نے مرتب کیا ہے؟
(A) تنویر احمد علوی
(B) خلیق انجم
(C) رشید حسن خاں
(D) مظفر اقبال برنی

128۔ سفرنامہ ''مسافران لندن'' از سر سید احمد خاں کے مرتب کون ہیں؟
(A) شبلی نعمانی
(B) سید امتیاز علی
(C) شیخ محمد اسماعیل پانی پتی
(D) الطاف حسین حالی

129۔ درج ذیل میں کس سفرنامہ کا پیش لفظ ''سیاح کی مناجات'' کے عنوان سے ہے۔
(A) ابن بطوطہ کے تعاقب میں
(B) جاپان چلو جاپان چلو
(C) مسافران لندن
(D) سفرنامہ روم و مصر و شام

130۔ ہندوستانی شوہر اور تعلیم یافتہ بیوی کے درمیان جو کھینچ تان ملتی ہے اس کا سبب یہ بھی ہے کہ شوہر چار پائی پر سے حکومت کرنا چاہتا ہے۔ اور بیوی ڈرائنگ روم سے گھنٹی بجاتی ہے۔ روشن خیال بیوی شہرت کی آرزو مند ہوتی ہے۔ دوسری طرف شوہر یہ چاہتا ہے کہ بیوی تو صرف فرد خاندان ہونے پر صبر کرنے اور خود فخر خاندان نہیں بلکہ فخر کائنات قرار دیا جائے''۔
مذکورہ بالا انشائیے کے اقتباس کے مصنف ہیں۔
(A) مشتاق احمد یوسفی
(B) سجاد حیدر یلدرم
(C) احمد جمال پاشا
(D) رشید احمد صدیقی

131۔ سرسید احمد خاں کی کوششوں سے مدرستہ العلوم مسلمانان یعنی محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1869

(B) 1870

(C) 1872

(D) 1875

132۔ سب سے پہلے کس نے اس خیال کا اظہار کیا تھا کہ اردو شاعروں میں ایہام گوئی کا رواج ہندی دوہروں کے زیر اثر ہوا؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) حالی

(C) شبلی

(D) مولوی عبدالحق

133۔ 1825ء میں دہلی کالج کے قیام کے ساتھ ہی کسے اس کا پرنسپل مقرر کیا گیا؟

(A) جے کارگل

(B) جے ایچ ٹیلر

(C) ڈاکٹر اے۔ اشپرنگر

(D) کرنل ہالرائیڈ

134۔ فورٹ ولیم کالج کی پہلی مطلوبہ کتاب کون سی ہے؟

(A) سنگھاسن بتیسی

(B) باغ و بہار

(C) باغ اردو

(D) گلشن ہند

135۔ ''حلقۂ ارباب ذوق'' کی سب سے نمایاں شخصیت کون تھے؟

(A) یوسف ظفر

(B) میراجی

(C) قیوم نظر

(D) مختار صدیقی

136۔ ذیل کے کس شاعر کا تعلق دبستان دلّی سے ہے؟

(A) شیفتہ

(B) پنڈت دیا شنکر نسیم

(C) خواجہ وزیر

(D) میر اوسط علی رشک

137۔ ردِ تشکیل (Deconstruction) کا فلسفہ کس سے منسوب ہے؟

(A) لوئی آلتھیوزے

(B) رولاں بارتھ

(C) سوسیئر

(D) ژاک دریدا

138۔ دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کے پہلے ناظم کون تھے؟

(A) سید محی الدین قادری زور

(B) مولوی وحیدالدین سلیم

(C) مولوی عبدالحق

(D) نظم طباطبائی

139۔ ذیل کے کس ادیب کا تعلق رومانوی تحریک سے تھا؟

(A) سجاد انصاری

(B) قاضی عبدالودود

(C) رشید احمد صدیقی

(D) اختر حسین رائے پوری

140۔ ''جدیدیت کی فلسفیانہ اساس'' کس کی مشہور تصنیف ہے؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی

(B) شمیم حنفی

(C) گوپی چند نارنگ

(D) وارث علی

141۔ کسی شہر بستی یا ملک میں رونما ہونے والے فتنہ وفساد یا طوائف الملوکی جیسے حالات سے پیدا ہونے والی مصیبت اور مسائل کے ذکر پر مشتمل نظم کو کہتے ہیں۔

(A) مرثیہ

(B) شہر آشوب

(C) واسوخت

(D) مثنوی

142۔ شمالی ہندوستان میں ریختی کی ایجاد کا سہرا کس کے سر ہے؟

(A) سعادت یار خاں رنگین

(B) انشاءاللہ خاں انشا

(C) مرزا علی بیگ نازنین

(D) امجد علی نشیب

143۔ صنف ہائیکو کو اردو ادب میں سب سے پہلے کس نے اپنے رسالے میں متعارف کرایا؟

(A) شیخ عبدالقادر

(B) شاہد احمد دہلوی

(C) حسرت موہانی

(D) نیاز فتح پوری

144۔ رپورتاژ کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) فرانسیسی

(B) لاطینی

(C) انگریزی

(D) فارسی

145۔ پیش کش کے اعتبار سے ریڈیو فیچر کو جن دو زمروں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ اس کی نشاندہی کیجئے۔

(A) ڈرامائی فیچر، موسیقی

(B) بیانیہ فیچر، ڈرامائی فیچر

(C) بیانیہ فیچر، صوتی تاثر

(D) ڈرامائی فیچر، تحریر

146۔ ذیل میں اداریہ نگاری کے لئے کون سا جواب درست نہیں۔

(A) اداریہ اخبار کی معتبر اور اہم تحریر ہوتی ہے

(B) اداریہ کی اخبار کی فکر کا ترجمان ہوتا ہے

(C) اداریہ کا کسی اخبار کی فکر کا ترجمان ہونا غیر ضروری ہوتا ہے

(D) اداریہ مدیر کی جانب سے لکھا جاتا ہے

147۔ کتاب ''ترجمہ کا فن اور روایت'' کے مرتب کون ہیں؟

(A) قمر رئیس

(B) مرزا احمد بیگ

(C) محمد حسن

(D) عتیق اللہ

148۔ ترائیلے (Triolet) میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) چار

(B) آٹھ

(C) چھ

(D) پانچ

149۔ نظیر اکبرآبادی کی نظم 'آدمی نامہ' درج ذیل میں سے کس ہیئت میں ہے؟

(A) ترجیع بند

(B) مسدس

(C) مخمس

(D) مثمن

150۔ کتاب 'ادبی اسکرپٹ' کے مصنف کون ہیں؟

(A) انجم عثمانی

(B) مشرف عالم ذوقی

(C) سمیع احمد

(D) کلیم الدین احمد

## रफ़ कार्य के लिए जगह

## (SPACE FOR ROUGH WORK)

रफ़ कार्य के लिए जगह

(SPACE FOR ROUGH WORK)